129

آیات نمبر 128 تا 135 میں بیان کہ روز قیامت بہت سے جنات اور انسان یہ تسلیم کریں گے کہ ہم برے اعمال کے لئے ایک دوسرے کو استعمال کرتے رہے ہیں، ان سب کا ٹھکانہ جہنم ہو گا۔ اللہ کسی بستی کو ہلاک نہیں کرتا جب تک وہاں رسول بھیج کر انہیں خبر دار نہ کر دیا جائے۔ جنت میں ہر شخص کو اس کے اعمال کے اعتبار سے درجات ملیں گے۔ اللہ بے نیاز ہے وہ چاہے تو سب کو ختم کر دے، کوئی بھی اس کی گرفت سے بچ نہیں سکتا۔ رسول اللہ کو تلقین کہ کفار سے کہہ دیں کہ وہ اپنے طریقہ پر چلیں، میں اپنے طریقہ پر چلوں گا جلد ہی معلوم ہو جائے گا کہ کون کامیاب ہوتا ہے

وَ يَوۡمَ يَحۡشُرُهُمۡ جَمِيۡعًا ۚ يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ قَدِ اسۡتَكۡثَرۡتُمۡ مِّنَ الۡاِنۡسِ ۚ اور جس دن اللہ سب جن و اِنس کو جمع کریگا اور فرمائے گا کہ اے شیاطین وجنات کے گروہ! تم نے انسانوں سے بہت فائدے حاصل کئے وَ قَالَ اَوۡلِيٰٓؤُهُمۡ مِّنَ الۡاِنۡسِ رَبَّنَا اسۡتَمۡتَعَ بَعۡضُنَا بِبَعۡضٍ وَّ بَلَغۡنَاۤ اَجَلَنَا الَّذِىۡۤ اَجَّلۡتَ لَنَا ؕ اور انسانوں میں سے ایسے لوگ جو ان کے دوست بنے ہوئے تھے کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہم دونوں نے ہی ایک دوسرے سے خوب فائدہ اٹھایا اور بالآخر ہم اپنے اس مقررہ وقت کو پہنچ گئے جو تو نے معین کیا تھا قَالَ النَّارُ مَثۡوٰٮكُمۡ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيۡمٌ عَلِيۡمٌ ﴿۱۲۸﴾ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اب تم سب کا ٹھکانا جہنم ہے جس میں تم ہمیشہ رہو گے سوائے اس کے کہ اللہ کی منشا کچھ اور ہو، بیشک آپ کا رب بڑی حکمت والا بڑے علم والا ہے وَ كَذٰلِكَ نُوَلِّىۡ بَعۡضَ الظّٰلِمِيۡنَ بَعۡضًاۢ بِمَا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿۱۲۹﴾ اس طرح ہم ان

ظالموں کو آخرت میں بھی ایک دوسرے کا ساتھی بنا دیں گے، ان گناہوں کے سبب
جو وہ مل کر کیا کرتے تھے [★] رکوع [۱۵] یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اَلَمْ یَاْتِكُمْ
رُسُلٌ مِّنْكُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِیْ وَ یُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ
پھر اللہ ان سے فرمائے گا کہ اے گروہِ جن وانس! کیا تمہارے پاس خود تم ہی میں سے
رسول نہیں آئے تھے جو تمہیں میری آیات پڑھ کر سناتے تھے اور تمہیں آج کے
دن کی پیشی سے ڈراتے تھے قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰۤى اَنْفُسِنَا وَ غَرَّتْهُمُ الْحَیٰوةُ
الدُّنْیَا وَ شَهِدُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِیْنَ ﴿۱۳۰﴾ وہ سب کہیں
گے کہ ہاں ہم اپنے خلاف خود یہ گواہی دیتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ انہیں دنیا کی
زندگی نے فریب میں مبتلا کئے رکھا تھا اور وہ سب اپنے خلاف اس امر کا اعتراف کریں
گے کہ بلاشبہ وہ کافر تھے ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ یَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ
اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ آپ کے رب کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ اپنے رسولوں کے ذریعے
خبردار کئے بغیر کسی بستی والوں کو ان کے گناہوں کی پاداش میں ہلاک کردے وَ
لِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ ہر شخص کے
درجات اس کے اعمال کے لحاظ سے مقرر ہیں اور آپ کا رب لوگوں کے اعمال سے
بے خبر نہیں ہے وَ رَبُّكَ الْغَنِیُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ وَ
یَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا یَشَآءُ كَمَاۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّیَّةِ قَوْمٍ
اٰخَرِیْنَ ﴿۱۳۳﴾ اور آپ کا پروردگار بے نیاز اور مہربان ہے اگر وہ چاہے تو تم سب کو

لے جائے اور تمہارے بعد جس کو چاہے تمہارا جانشین بنا دے جیسا کہ تمہیں
دوسرے لوگوں کی نسل سے پیدا کیا اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّ مَآ اَنْتُمْ
بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ جس چیز یعنی قیامت کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ یقینا آنے والی ہے
اور تم اللہ کو عاجز کر دینے کی طاقت نہیں رکھتے قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى
مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ اے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ فرما دیجئے کہ اے میری قوم!
تم اپنی جگہ کام کرتے رہو میں اپنا کام کر رہا ہوں فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ
لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ پھر عنقریب تمہیں معلوم ہو
جائے گا کہ آخرت کا گھر کس کے لئے ہے، یقینا ظالم کبھی فلاح نہیں پا سکتے۔

[# 129]

In Verse 128 to 135 it is stated that on the Day of Judgment, many jinn and humans will acknowledge that they used each other for evil deeds. Their abode will be Hell. Allah does not destroy a community unless a messenger is sent to them, warning them. In Paradise, each person will be rewarded according to his deeds. Allah is self-sufficient; He can, if He wills, replace everyone. No one can escape His grasp. The Prophet [Peace be upon him] is instructed to tell the disbelievers that they may follow their way, and he will follow his. It will soon become clear who is successful.

وَ يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ
اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ

Thus, on the day, [when] He shall assemble them all together, (Allah will say to Jinn) :O species of Jinns, indeed you have [tempted] a great number of humans.

وَ قَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا
بِبَعْضٍ وَّ بَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ۭ

Their friends from among the human beings will say,: Our Lord, some of us have benefited from some others, and we have reached our term that You had appointed for us.

قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ
رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿١٢٨﴾

[Allah Almighty will say] now Hell is your final abode, wherein you will remain forever, except as Allah Wills. Surely your Lord is All-Wise, All-knowing.

وَ كَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا
يَكْسِبُوْنَ ﴿١٢٩﴾ؑ رکوع [١٥]

In this way, we will make these wrongdoers companions of each other [even in the Hereafter] because of the sins they committed together [in the world].

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ
يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ

[Then Allah will say to them,] 'O community of jinn and humans! Did there not come to you messengers from among yourselves, reciting to you My verses and warning you of the meeting of this Day?'.

قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ
شَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾

[They will say,] 'we bear witness against ourselves.' And [the fact is that] the worldly life had deluded them, and they will bear witness against themselves that they were disbelievers [in their lifetime].

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا
غٰفِلُوْنَ ﴿١٣١﴾

[This is because] your Lord has never destroyed [any of the past] communities unjustly while their people were unaware [of right and wrong], [and without sending messengers to warn them].

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ
﴿١٣٢﴾

Thus, for every individual there is a rank in accordance with all that they have done [in their lifetime]. And your Lord is not unaware of what they do.

وَ رَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَ
يَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ
ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

[O prophet] your Lord is self-sufficient, full of mercy. If He wills, He can take you away and replace you with whomever He wills, just as He raised you from the descendants of other people.

اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾

That [day of judgment] which has been promised to you, is certainly coming, and you do not have the power to avert God's will.

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

[O Prophet!] Say, 'O my people! You may do whatever you want, and I shall do whatever I can.

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿١٣٥﴾

Soon you will come to know, to whom will belong the ultimate abode [of the Hereafter]; indeed, the wrongdoers will not be successful.